Maulana Azad National Urdu University
B.A I Semester Examination - April 2021

کمیونیکٹیو اُردو

UGUR111AET: Communicative Urdu

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) میر تقی میرؔ کہاں پیدا ہوئے۔
(a) آگرہ (b) دہلی (c) لکھنؤ (d) لاہور

(ii) فیض احمد فیضؔ شاعر ہیں۔
(a) ترقی پسند (b) جدیدیت پسند (c) رومانوی (d) کلاسیکی

(iii) بس کے دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
(a) آدمی کو تو میسر ہی ہے انساں ہونا
(b) آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا
(c) آدمی کو تو میسر نہیں انساں ہونا
(d) آدمی کو بھی میسر تو ہے انساں ہونا

(iv) نظیر اکبرآبادی کا اصل نام کیا ہے۔
(a) شیخ ولی محمد (b) ولی محمد (c) محمد ولی (d) احمد ولی

(v) جینا کس افسانے کا کردار ہے۔
(a) بھولا (b) لاجونتی (c) گرم کوٹ (d) رحمٰن کے جوتے

(vi) رباعی کس زبان کا لفظ ہے۔
(a) اردو (b) فارسی (c) عربی (d) ہندی

(vii) ''پٹرول کے بعد''؟ کس نوعیت کا مضمون ہے۔
(a) سماجی (b) تہذیبی (c) مذہبی (d) سائنسی

P.T.O

(viii) بابائے اردو کسے کہا جاتا ہے۔

(a) مولانا حالی (b) سر سید احمد خاں (c) مولوی عبدالحق (d) محمد حسین آزاد

(ix) انشائیہ ''سردی کی گرما گرمی'' کے مصنف کا نام بتایئے؟

(a) مسعود حسین (b) احمد حسین (c) مجتبیٰ حسین (d) شاہد حسین

(x) غالب کا انتقال کب ہوا؟

(a) ۱۸۹۹ء (b) ۱۸۸۹ء (c) ۱۸۷۹ء (d) ۱۸۶۹ء

حصہ دوم

2۔ فیض احمد فیض کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3۔ مرزا غالبؔ کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے۔

4۔ سردی کی گرما گرمی کی روشنی میں مجتبیٰ حسین کی انشائیہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

5۔ درخواست نویسی کی تعریف کرتے ہوئے اس کے لوازمات بیان کیجیے۔

6۔ افسانے کے اجزائے ترکیبی میں پلاٹ اور کردار کی وضاحت کیجیے۔

7۔ مضمون پٹرول کے بعد؟ میں مضمون نگار نے توانائی کی فراہمی کے کن کن ذرائع کی نشاندہی کی ہے؟ لکھیے۔

8۔ مندرجہ ذیل رباعی کی تشریح کیجیے۔

ہر چیز مسبب سبب سے مانگو   منت سے خوشامد سے ادب سے مانگو
کیوں غیر کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہو   بندے ہو اگر خدا کے تو رب سے مانگو

9۔ غالب کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ مولوی عبدالحق نے اپنے خاکہ حالی میں مولانا حالی کی کون سی خوبیاں بیان کی ہیں؟

11۔ نظیر اکبرآبادی کی نظم ''مفلسی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

12۔ افسانہ رحمٰن کے جوتے کے پلاٹ کی وضاحت کیجیے۔

13۔ اپنے دوست کے نام خط تحریر کیجیے جس میں تعلیمی سرگرمیوں کا ذکر ہو۔

14۔ درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

ہوتی ہے گرچہ کہنے سے یارو پرائی بات   پر ہم سے تو تھمی نہ کبھو منہ پہ آئی بات
کہتے تھے اس سے ملیے تو کیا کیا نہ کہیے لیک   وہ آ گیا سامنے اس کے نہ آئی بات
وائے دیوانگی شوق کہ ہر دم مجھ کو   آپ جانا اُدھر اور آپ حیراں ہونا
کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ   ہائے اس زودِ پشیماں کا پشیماں ہونا

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

☆☆☆